
# بسکٹ کے برانڈز میں سوپر (Sooper) سرفہرست جس کا حوالہ 36% جوابدہندگان نے دیا۔

اس حوالے سے شرح خواتین (38%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (38% ) میں زیادہ پائی گئی۔




معلوم نہیں/ جواب نہیں دیا:16% | دیگر جوابات:12%

جب آپ بسکٹ کے بارے میں سوچتے ہیں تو سب سے پہلے آپ کے ذہن میں کس برانڈ کا نام آتا ہے؟



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**صارفین/کمرشل**

کھانا

## بسکٹ کے برانڈز میں سوپر (Sooper) سر فہرست جس کا حوالہ 36% جوابدہندگان نے دیا۔ اس حوالے سے شرح خواتین (38%) اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (38%) میں زیادہ پائی گئی۔


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

(اسلام آباد، 18 نومبر، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، بسکٹ کے برانڈز میں سوپر (Sooper) سر فہرست، جس کا حوالہ 36% جوابدہندگان نے دیا۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے کہ مرد حضرات کی نسبت خواتین کی 3% زیادہ شرح اور شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی 4% زیادہ شرح نے سوپر (Sooper) کو بسکٹ کے برانڈز میں سے سب سے پہلے ذہن میں آنے والا برانڈ قرار دیا۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ " **جب آپ بسکٹ کے بارے میں سوچتے ہیں تو سب سے پہلے آپ کے ذہن میں کس برانڈ کا نام آتا ہے ؟**"۔اس سوال کے جواب میں، 36% جوابدہندگان کے مطابق بسکٹ کے حوالے سے اُن کے ذہن میں سب سے پہلے " سوپر (Sooper)" برانڈ کا نام آتا ہے۔ 6% جوابدہندگان کے مطابق بسکٹ کے حوالے سے اُن کے ذہن میں سب سے پہلے "ٹک (TUC)"، 6% جوابدہندگان کے مطابق " چاکلیٹ چپ (Chocolate Chip)" اور 5% جوابدہندگان کے مطابق "زیرہ پلس (Zeera Plus)" کا نام آتا ہے۔ 4% جوابدہندگان کے مطابق " کینڈی (Candy)"، 4% جوابدہندگان کے مطابق " گالا (Gala)"، اور 4% جوابدہندگان کے مطابق " پینٹ (Peanut)" کا نام اُن کے ذہن میں سب سے پہلے آتا ہے۔ 2% جوابدہندگان کے مطابق "پرنس (Prince)، 1% جوابدہندگان کے مطابق " رائٹ (Rite)" اور 1% جوابدہندگان کے مطابق بسکٹ کے حوالے سے اُن کے ذہن میں سب سے پہلے " پارٹی (Party)" برانڈ کا نام آتا ہے، 3% جوابدہندگان کے مطابق وہ بسکٹ نہیں کھاتے، جبکہ 12% جوابدہندگان نے بسکٹ کے برانڈ کے حوالے سے دیگر جوابات دیئے، تاہم 16% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**" جب آپ بسکٹ کے بارے میں سوچتے ہیں تو سب سے پہلے آپ کے ذہن میں کس برانڈ کا نام آتا ہے؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

**جنس کے اعتبار سے:** مرد حضرات اور خواتین دونوں میں سوپر (Sooper) بسکٹ کے برانڈز میں سر فہرست رہا۔ خواتین میں اس حوالے سے شرح تھوڑی زیادہ 38% پائی گئی، جبکہ مرد حضرات میں اس حوالے سے شرح 35% رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی – شہری علاقوں کے اعتبار سے:** دیہی اور شہری دونوں علاقوں میں بھی سوپر (Sooper) بسکٹ کے برانڈز میں سر فہرست رہا۔ شہری علاقوں (34%) کی نسبت، دیہی علاقوں (38%) میں بسکٹ کے برانڈز میں سوپر (Sooper) کی شرح نمایاں طور پر زیادہ رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1089 خواتین اور مرد حضرات سے 12th ستمبر تا 11th اکتوبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 18th November 2024**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)